© rasailojaraid.com



جعفر بلوچ ـ لاہور

# امیرِ شریعتؒ کی یاد میں

آج بخاری سیّد کی پھر آئی یاد
وہ اپنا اک راہ نمائے پاک نہاد
عشق اساس و عشق سرشت و عشق نژاد
زندہ باد امیرِ شریعت زندہ باد

ظاہر میں احرار کا اک سالار تھا وہ
اصل میں ساری ملّت کا غم خوار تھا وہ
اس کا تابندہ دل تھا اسلام آباد
زندہ باد امیرِ شریعت زندہ باد

ملّتِ بیضا پر وہ خدا کا احساں تھا
ناشرِ ختمِ نبوت، شارحِ قرآں تھا
توحید اور رسالت کا ان تھک مُنّاد
زندہ باد امیرِ شریعت زندہ باد

بہرِ نمازِ عشق اذاں دینے والا
آزادی کی خاطر جاں دینے والا
یعنی مجسّم ایقان و ایثار و جہاد
زندہ باد امیرِ شریعت زندہ باد

سحرِ سخن سے ایسے نقش اُگاتا تھا
لحن اور لفظ سے وہ تصویر بناتا تھا
پھیکے پڑ جاتے تھے مانی اور بہزاد
زندہ باد امیرِ شریعت زندہ باد

ذکرِ امیرِ شریعت یارب اور بڑھے
اس کی عزت و عظمت یارب اور بڑھے
یارب اس پر اپنی رحمت کر ایزاد
زندہ باد امیرِ شریعت زندہ باد

© rasailojaraid.com